**وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کوفون کر کے عیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی**

**قائدتحریک الطاف حسین نے بھی وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور پی ایم ہاؤس کے تمام اسٹاف کوعیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی**

**وزیراعظم نے جناب الطاف حسین سے انکے دیرینہ ساتھی ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی شہادت پرتعزیت بھی کی**

**اللہ تعالیٰ ملک کوبحرانوں اور مشکلات سے نکالے اورسیلاب زدگان اور مصائب ومشکلات میں گھرے ہوئے عوام کی مشکلات کا خاتمہ ہو۔الطاف حسین**

لندن۔۔۔17 نومبر 2010ء

وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی نے آج ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کوفون کر کے انہیں عیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی ۔ جناب الطاف حسین نے بھی وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اوروزیراعظم ہاؤس کے تمام اسٹاف کوعیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ ملک کوبحرانوں اورمشکلات سے نکالے، ملک میں امن واستحکام ہواورسیلاب زدگان اورمصائب ومشکلات میں گھرے ہوئے عوام کی مشکلات کا خاتمہ ہو۔وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے جناب الطاف حسین سے ان کے دیرینہ ساتھی اورایم کیوایم کے کنوینرڈاکٹرعمران فاروق شہید کی شہادت پرتعزیت بھی کی اورشہیدرہنما کیلئے دعائے مغفرت کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ڈاکٹرعمران فاروق شہید کواپنی جواررحمت میں جگہ دے اوران کے درجات بلندفرمائے۔

**ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی،ارکان اسمبلی اورشعبہ جات کے اراکین نے عیدالاضحیٰ کی نماز جناح گراؤنڈعزیزآباد میں ادا کی رابطہ کمیٹی اورارکان اسمبلی نے جناح گراؤنڈاورنائن زیروپرلوگوں سے عیدملی اورانہیں جناب الطاف حسین کی جانب سے عیدالاضحیٰ کی مبارکباددی**

**اللہ تعالیٰ تحریکی مشن کوکامیابی تک پہنچائے،الطاف حسین نائن زیروپرعیدالاضحیٰ کی مبارکباددینے کیلئے جمع ہونے والے ذمہ داران وکارکنان سے ٹیلی فونک گفتگونائن زیروپرجناب الطاف حسین کی جانب سے قربانی کے جانورکوذبح کیاگیا**

کراچی۔۔۔17،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین،حق پرست ارکان اسمبلی اورمختلف شعبہ جات کے اراکین نے عیدالاضحیٰ کی نمازعزیزآباد کے تاریخی جناح گراؤنڈ میں ادا کی۔عیدالاضحیٰ کی نمازمفتی اظہرعالم صدیقی نے پڑھائی۔نمازعیدکی ادائیگی کرنے والوں میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرزڈاکٹرفاروق ستار،انیس احمدقائم خانی،رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب بخاری،ڈاکٹرنصرت،مصطفیٰ کمال،نیک محمد،واسع جلیل،گلفرازخان خٹک،کیف الوریٰ،سیف یارخان،ارکان قومی اسمبلی سفیان یوسف اورشیخ صلاح الدین شامل تھے ۔بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی،استحکام،مہنگائی،بیروزگاری،دہشت گردی کے خاتمہ،امن کے قیام،ڈینگی وائرس سمیت دیگروبائی امراض سے نجات اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمراورصحت تندرستی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔نمازعیدکی ادائیگی کے بعدرابطہ کمیٹی کے اراکین اورحق پرست ارکان اسمبلی نے جناح گراؤنڈاورنائن زیروعزیزآبادپرلوگوں سے عیدملی اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے عیدالاضحیٰ کی دلی مبارکباد پیش کی۔دریں اثناءمتحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ تحریکی مشن کوکامیابی تک پہنچائے اورتمام ساتھیوں کوثابت قدم،نظریئے پرقائم رکھے اورآخری سانس تک تحریک کاوفادررکھے یہ دعاانہوں نے عیدالاضحیٰ کے پہلے روزنائن زیروعزیزآبادپرمبارکباددینے کیلئے جمع ہونے والے مختلف شعبہ جات کے ارکان سے گفتگوکرتے ہوئے کی۔اس موقع پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرزڈاکٹرفاروق ستار،انیس احمدقائم خانی،ارکان اسمبلی اورمختلف شعبہ جات کے اراکین بھی موجودتھے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ وہ تمام ساتھی جوعیدالاضحیٰ کے موقع پرعلی الصبح سے اپنے فرائض منصبی انجام دے رہے ہیں انہیں میں زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔انہوں نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی،حق پرست ارکان پارلیمنٹرین،صوبہ سندھ،صوبہ پنجاب،صوبہ بلوچستان،گلگت بلتستان اورآزادکشمیرسمیت خدمت خلق فاؤنڈیشن کے کے تمام ذمہ داران،کارکنان اورشعبہ جات کے ارکان کو دعائیں،سلام پیش کرنے کے علاوہ عیدالاضحیٰ کی دلی مبارکباد بھی پیش کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ملک دے دہشت گردی کونیست ونابودکرے،اقرباءپروری سے بچائے اور جرائم سے پاک معاشرہ کے قیام کی توفیق عطافرمائے۔اس موقع پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین،ارکان اسمبلی اورشعبہ جات کے اراکین نے بھی جناب الطاف حسین کوعید الاضحیٰ کی دلی مبارکباد پیش کی۔بعدازاں ایم کیوایم کے مرکزنائن زیروعزیزآبادپرقائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے قربانی کے جانورکوذبح کیاگیا۔قربانی کے جانورپر چھری ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمدبخاری نے پھیری۔اس موقع پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرزڈاکٹرفاروق ستار،انیس احمدقائم خانی اوردیگراراکین رابطہ کمیٹی بھی موجودتھے۔بعدازاں قربانی کے جانورکے گوشت کوغرباء،مساکین،یتیموں اورمستحقین میں تقسیم کردیاگیا۔

## عیدالاضحیٰ کے پہلے روز رابطہ کمیٹی اورارکان اسمبلی نے یسین آباد قبرستان جا کر شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق اورحق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی رہائشگاہ پر والدین سے ملاقات کی اورشہید کے بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی کی

کراچی۔۔۔17،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون، واسع جلیل، سیف یار خان، حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسن اورحق پرست رکن سندھ اسمبلی انور عالم نے عیدالاضحیٰ کے پہلے روز یاسین آباد کے شہداء قبرستان جا کر حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی۔ اس موقع پر ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔ رابطہ کمیٹی نے سب سے پہلے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصر حسین شہید، بھتیجے عارف حسین شہید سمیت شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق اور دیگر حق پرست شہداء کی قبروں پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ بعدازاں رابطہ کمیٹی کے ارکان ایم کیوایم کے کنوینز اورشہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاورق کی رہائشگاہ واقع شریف آباد گئے اورشہید انقلاب کے والدین اورعزیز واقارب سے ملاقات کی۔ اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب بھی موجود تھے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے والدین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق عیدالاضحیٰ کے موقع پر ہمارے درمیان نہیں ہیں لیکن ان کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ اس موقع پر انہوں نے شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاورق کے بلند درجات اورمغفرت کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## جناب الطاف حسین کی ہدایت پر سی آئی ڈی بلڈنگ خودکش حملے کے متاثرین کو عیدالاضحیٰ کی خوشیوں میں شامل رکھا گیا
## رابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل اورحق پرست ارکان اسمبلی نے عیدالاضحیٰ کے پہلے روز جائے وقوعہ پر قربان کئے گئے قربانی کے جانوروں کا گوشت متاثرہ خاندانوں میں تقسیم کیا

کراچی۔۔۔17،نومبر 2010ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر سی آئی ڈی بلڈنگ پر خودکش حملے سے متاثر ہونیوالے اطراف کے مکینوں کو عیدالاضحیٰ کی خوشیوں میں شامل رکھا گیا۔ اس ضمن میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل، حق پرست رکن قومی اسمبلی محترمہ خوش بخت شجاعت اورحق پرست رکن سندھ اسمبلی مقیم عالم ایڈووکیٹ نے سول لائن، مدینہ کالونی، ہاشمی کالونی، پولیس لائن کوارٹرز اور کے ایم سی کوارٹر کے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سی آئی ڈی بلڈنگ کے نزدیکی مقام پر عیدالاضحیٰ کے پہلے روز قربان کئے گئے جانوروں کا گوشت خودکش حملے کے متاثرہ خاندانوں میں تقسیم کیا۔ اس موقع پر متاثرین نے خدمت خلق فاؤنڈیشن سے دلی تشکر کا اظہار کیا اورعیدالاضحیٰ کے موقع پر بھی متاثرین کا خیال رکھنے اورعید کی خوشیوں میں شریک رکھنے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اورصحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف اورارکان اسمبلی نے عیدالاضحیٰ کے پہلے روز پاپوشنگر قبرستان جا کر جناب الطاف حسین کے والدین کی قبروں پر حاضری دی

کراچی۔۔۔17،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف اورحق پرست ارکان اسمبلی نے عیدالاضحیٰ کے پہلے روز پاپوش نگر کے قبرستان جا کر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے والد نذیر حسین مرحوم اور والدہ محترمہ خورشید بیگم کی قبروں پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر انہوں نے ملک کی ترقی وخوشحالی، دہشت گردی کے خاتمے اورامن واستحکام کیلئے خصوصی دعا بھی کی۔

## اے پی ایم ایس او کے کارکن افتخار احمد کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔17،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے کارکن افتخار احمد کی شہادت پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ افتخار احمد شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں اے پی ایم ایس او کے کارکن افتخار احمد کی شہادت اور دیگر کارکنان کو زخمی کرنے کا سختی سے نوٹس لیا جائے،رابطہ کمیٹی عیدالاضحیٰ کے موقع پر اے پی ایم ایس او کے کارکنان کو فائرنگ کرکے شہید اور زخمی کرنا شہر کا امن خراب کرنے کی گھناؤنی سازش ہے

کراچی۔۔۔17،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلشن اقبال بلاک 19 میں واقع الاشرف پلازہ میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے اے پی ایم ایس او کے کارکن افتخار احمد کی شہادت اور کارکنان سبطین،وسیم مرزا،حسن طفیل اورنسیم خان کو زخمی کئے جانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراسے کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر گلشن اقبال بلاک 19 میں دہشت گردوں نے جس طرح سے اے پی ایم ایس او کے بے گناہ کارکنان کو فائرنگ کرکے شہید اورزخمی کیا ہے وہ شہر کا امن خراب کرنے کی گھناؤنی سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدرمملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی،وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک اور صوبائی وزیرداخلہ ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ گلشن اقبال بلاک 19 میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے اے پی ایم ایس او کے کارکن افتخار احمد کی شہادت اورکارکنان سبطین، وسیم مرزا،حسن طفیل اورنسیم خان کو زخمی کئے جانے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کرکے قرارواقعی سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے اے پی ایم ایس او کے کارکن افتخار احمد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور زخمی کارکنان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## عیدالضحیٰ کے پہلے شہریوں نے بہت بڑی تعداد میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کو کھالیں عطیہ کرکے اپنا سابقہ ریکارڈ توڑ دیا

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)17،نومبر 2010ء کراچی کے شہریوں نے بدھ کے روز عیدالضحیٰ کے پہلے ہی روز بہت بڑی تعداد میں قربانی کی کھالیں متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن (کے کے ایف) کو دیکر اپنا سابقہ ریکارڈ توڑ دیا اورگزشتہ عیدالضحیٰ کی بانسبت اس سال ہزاروں کی تعداد میں زیادہ کھالیں عطیہ کرکے ایم کیو ایم کے قائد تحریک الطاف حسین پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کردیا ہے۔فیڈرل بی ایریا میں واقع نذیر حسین میڈیکل یونیورسٹی کے وسیع وعریض طارق گراؤنڈ میں قائم کے کے ایف کے مرکزی کلیکشن کیمپ میں سارا دن شہر کے مختلف علاقوں اورایم کیوایم کے تنظیمی سیکٹروں میں قائم کلیکشن پوائنٹس سے بڑے بڑے ٹرکوں میں کھالوں کے لائے جانے کا سلسلہ دوپہر سے ہی شروع ہوگیا تھا جب کہ شہریوں نے اپنی ٹرانسپورٹ کاروں،موٹرسائیکلوں،سوزوکیوں،رکشہ،ٹیکسیوں وغیرہ پر خود رضاکارانہ طور پر قربانی کی کھالیں جمع کرائیں حتیٰ کہ بعض بزرگ اورمعذور افراد اورخواتین نے بھی وہیل چیئر پر قربانی کی کھالیں لاکر جمع کرائیں۔مرکزی کیمپ پر کھالوں کی وصولیابی اوردیگر انتظامات کی نگرانی کیلئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار،انیس احمد قائم خانی،رابطہ کمیٹی کے رکن اور کے کے ایف کے چیف ٹرسٹی مصطفیٰ کمال اوررابطہ کمیٹی کے دیگر ارکان وہاں ہمہ وقت موجود رہے۔متحدہ قومی موومنٹ اور کے کے ایف کے ذمہ داران ورضاکاران نے اپنی تمام تر تیاریاں ایک روز قبل ہی مکمل کر لی تھیں اورکاموں کی نوعیت کے اعتبار سے مختلف انتظامی کیمپ قائم کر لئے تھے جس کے باعث عید کے پہلے روز کھالوں کے حصول اورانہیں ٹھکانے لگانے کے حوالے سے تمام تر اقدامات کر لئے گئے ہیں اسی طرح عید کے پہلے روز ہی ہزاروں کی تعداد میں کھالیں جمع کرکے ایک نیا ریکارڈ قائم کردیا ہے۔واضح رہے کہ مرکزی کیمپ میں مصروف عمل ایم کیوایم اور کے کے یف کے ذمہ داران ورضاکاران کیلئے عیدالضحیٰ کے تینوں کے دوران طعام کے لئے عارضی کچن ڈائننگ ہال،پینے کا صاف پانی،کولڈ ڈرنگ،چائے دیگر مشروبات،کھالوں کو محفوظ رکھنے کیلئے نمک وچونے سینکڑوں کی تعداد میں ٹرک ٹرالر،سوزوکی،عارضی ٹوائیلیٹ کے انتظامات کئے گئے ہیں۔جبکہ مچھروں اوردیگر حشرات انسداد کیلئے اسپرے کرنے کا عمل بھی وقفے وقفے سے بھی جاری رہا۔طارق گرؤنڈ میں بنائے گئے پریس روم میں میڈیا کے نمائندوں کو ان کی تمام پیشہ وارانہ سہولیات فراہم کی گئیں۔

## نوازشریف کے چچا اور شہباز شریف کے خسر معراج شریف کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔17، نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلم لیگ (ن) کے سربراہ نواز شریف کے چچا اور وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف کے خسر معراج شریف کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆